# NEWSLETTER

April & May 2026



Lajna ima,illah Finland

Volume 8 Issue 20

## قرآن

وَمِنَ الَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰۤى اَنۡ يَّبۡعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا

اور رات کے ایک حصے میں بھی اس (قرآن) کے ساتھ تہجد پڑھا کرو۔ یہ تیرے لیے نفل کے طور پر ہوگا۔ قریب ہے کہ تیرا رب تجھے مقامِ محمود پر فائز کرے۔

And wake up for it (the Qur'an) in the latter part of the night as a supererogatory service for thee. It may be that thy Lord will raise thee to an exalted station

(Bani Isra'il verse 80)

## حدیث

عَنۡ سَلۡمَانَ، قَالَ قَالَ رَسُوۡلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ إِنَّ رَبَّكُمۡ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى حَيِيٌّ كَرِيۡمٌ يَسۡتَحۡيِي مِنۡ عَبۡدِهٖ إِذَا رَفَعَ يَدَيۡهِ إِلَيۡهِ أَنۡ يَرُدَّهُمَا صِفۡرًا۔

سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا رب بے حد حیاء اور کریم (کرم والا) ہے، جب اس کا بندہ اس کے سامنے اپنے دونوں ہاتھ اٹھاتا ہے تو اُسے خالی لوٹاتے ہوئے اپنے بندے سے شرم آتی ہے۔

Salman al-Farsi relates that Allah's Messenger ﷺ said: "Verily, your Lord is Modest and Munificent. He is ashamed to turn down His servant empty-handed when he raises his hands to Him

(Sunan Abi Dawud, Kitab al-Witr, Hadith 1488)

## ارشاد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں: نماز تہجد کا التزام کریں۔ پھر اس تیسری شرط میں یہ ہے کہ نماز تہجد پڑھے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَمِنَ الَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ عَسٰۤى اَنۡ يَّبۡعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحۡمُوۡدًا۔ (سورۃ بنی اسرائیل آیت 80) اور رات کے ایک حصہ میں بھی اس (قرآن) کے ساتھ تہجّد پڑھا کر۔ یہ تیرے لئے نفل کے طور پر ہوگا۔ قریب ہے کہ تیرا ربّ تجھے مقامِ محمود پر فائز کر دے۔ حضرت بلالؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: تمہیں نماز تہجد کا التزام کرنا چاہئے کیونکہ یہ گزشتہ صالحین کا طریقہ رہا ہے اور قربِ الٰہی کا ذریعہ ہے۔ یہ عادت گناہوں سے روکتی ہے، برائیوں کو ختم کرتی ہے اور جسمانی بیماریوں سے بچاتی ہے۔ (سنن ترمذی۔ کتاب الدعوات۔ باب فی دعاء النبی ﷺ)۔ بہت سارے لوگ دعاؤں کے لئے لکھتے ہیں۔ خود بھی اس طریق پر عمل کریں تو اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش بھی نازل ہوتے دیکھیں۔

الفضل انٹرنیشنل 5 مئی 2020ء

# Tabligh Department Report

Informal Gathering with Guests – 3 May 2026

On 3rd May 2026, the Tabligh Department organized a warm and informal gathering for Lajna members and their non-Ahmadi guests. Lajna members were encouraged to invite friends and acquaintances to create an opportunity for friendly inter-.action and introduction to the community
By the grace of Allah, 13 Lajna members brought along a total of 17 guests. The gathering also included the participation of 7 children and 2 Nasirat.The guests represented diverse backgrounds, including
African Muslims 2
Somali Muslims 9
Finnish guests 3
Pakistani Muslims 2
Albanian guest 1

The program lasted approximately two hours and provided a relaxed and welcoming environment for social interaction and meaningful conversations. Guests were .served coffee, tea, sandwiches, and cakes

To make the event more engaging and culturally enriching, guests were also offered a traditional bangles and mehndi (henna) experience, which was enjoyed by many .participants and created a lively and joyful atmosphere

Overall, the gathering proved to be a successful opportunity for building friendships, strengthening mutual understanding, and fostering positive connections within the .wider community


ENGLISH BREAKFAST











# شعبہ صحت وجسمانی رپورٹ

”اچھی صحت ایک ایسی نعمت ہے جو انسان کو خدمتِ انسانیت اور اپنی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے ادا کرنے کے قابل بناتی ہے۔“

اللہ تعالیٰ کے فضل سے شعبۂ صحتِ جسمانی کے تحت ممبرات کو صحت منداور فعال طرزِ زندگی اپنانے کی ترغیب دی جاتی رہی۔اس سلسلہ میں لجنہ ممبرات کے لیے ہر ماہ واک کے اہداف مقرر کیے گئے تاکہ جسمانی فٹنس، نظم وضبط اور صحت مند عادات کو فروغ دیا جاسکے۔

اپریل میں واک ٹارگٹ مکمل کرنے والی لجنات درج ذیل ہیں

1۔ثناء خالق——پہلی پوزیشن

2۔نرگس یونس——دوسری پوزیشن

3۔افشاں مسعود——تیسری پوزیشن

مئی میں واک ٹارگٹ مکمل کرنے والی لجنات درج ذیل ہیں

1۔ثناء خالق——پہلی پوزیشن

2۔عزا حبیب——دوسری پوزیشن

3۔صبا ظفر——تیسری پوزیشن

اللہ تعالیٰ تمام ممبرات کو صحت مند، متحرک اور خدمتِ دین کے لیے ہمیشہ تیار رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

# Sehat-e-Jismani Report

Good health is a blessing that enable us to serve humanity and fulfill our responsibility with energy and enthusiasm. By the grace of Allah, the Sehat-e-Jismani department continued to encourage healthy activities among Lajna members. Monthly walk targets were set to promote physical fitness, discipline, and an active lifestyle. We are pleased to acknowledge the members who achieved the top positions in completing their walk targets in April:

1. Sana Khaliq – First Position
2. Nargis Younis – Second Position
3. Afshan Mashood – Third Position

In May:

1. Sana Khaliq – First Position
2. Izza Habib – Second Position
3. Saba Zafer– Third Position

May Allah enable all members to continue taking care of their health and remain active participants in all beneficial activities. Ameen.

# رپورٹ سالانہ سپورٹس ڈے

## لجنہ اماءاللہ فن لینڈ—ناصرات الاحمدیہ

لجنہ اماءاللہ فن لینڈ کا سالانہ سپورٹس ڈے مورخہ 17 مئی 2026ء بروز اتوار، صدر صاحبہ لجنہ اماءاللہ فن لینڈ کی ہدایت کے مطابق ہیلسنکی کے اسپورٹس ہال میں منعقد ہوا۔ اس بابرکت پروگرام کی تیاریوں کا آغاز چند ہفتے قبل کر دیا گیا تھا، جس میں مختلف مجالس کی لجنات، ناصرات اور بچوں نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام کا باقاعدہ آغاز صبح 10:45 بجے تلاوتِ قرآن کریم سے ہوا۔ بعد ازاں نظم پیش کی گئی اور صدر صاحبہ لجنہ نے دعا کروائی۔ لجنات کے لیے مختلف کھیلوں کے مقابلہ جات منعقد کیے گئے جن میں 100 میٹر ریس، سپون ریس، سمپل ریس، کپ گیم، ہرڈل ریس، میوزیکل گیم اور 45 سال سے زائد عمر کی لجنات کے لیے لڈو اور کپ گیم شامل تھے۔ تمام لجنات نے نہایت جوش، شوق اور خوشی کے ساتھ ان مقابلوں میں حصہ لیا۔

دوپہر کے کھانے کے بعد ناصرات کے مقابلوں کا آغاز ہوا۔ ناصرات کے لیے 100 میٹر ریس، سپون ریس، فراگ ریس، کپ گیم اور دیگر دلچسپ کھیلوں کا انعقاد کیا گیا۔ چھوٹے بچوں کے لیے بھی خصوصی ریسز اور کھیلوں کا انتظام کیا گیا، جن میں بچوں نے بھرپور جوش و خروش سے حصہ لیا۔ اسپورٹس ڈے کا خصوصی اور انتہائی دلچسپ مقابلہ بیڈمنٹن تھا۔ اس مقابلے میں چار مجالس کی ٹیموں نے شرکت کی: مجلس ہیلسنکی، مجلس ایسپو، مجلس ٹیمپرے اور مجلس وانتا۔ تمام شریک لجنات نے عمدہ تیاری اور بھرپور محنت کے ساتھ مقابلوں میں حصہ لیا۔

شام 5 بجے انعامات تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآن کریم سے ہوا، جس کے بعد نظم پیش کی گئی۔ صدر صاحبہ لجنہ نے اختتامی کلمات اور ریمارکس پیش کیے۔ بعد ازاں مختلف مقابلوں میں کامیاب ہونے والی لجنات، ناصرات اور بچوں میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ پروگرام کا اختتام اجتماعی دعا پر ہوا۔ دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ ہمیں آئندہ بھی اسی طرح جماعتی پروگراموں میں شامل ہونے، خدمت کی توفیق عطا فرمانے اور ہمارے تمام پروگراموں کو اپنی خاص برکتوں کے ساتھ پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین ثم آمین

## رپورٹ حاضری

اسپورٹس ڈے میں چار مجالس: ہیلسنکی، ایسپو، وانتا اور ٹیمپرے نے شرکت کی۔

لجنات: 36
ناصرات: 18
بچے: 19

تمام شرکاء نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ پروگرام میں حصہ لیا۔

# Annual Sports Day Report

***Lajna Imaillah & Nasirat-ul-Ahmadiyya Finland***

In accordance with the guidance of Sadr Sahiba Lajna Imaillah Finland, preparations for the Annual Sports Day began several weeks in advance. This blessed program was held on 17 May 2026 at a sports hall in Helsinki, where Lajna members, Nasirat, and children from various local Majalis participated enthusiastically.

The program formally began at 10:45 a.m. with the recitation of the Holy Qur'an, followed by a Nazm (poem). Sadr Sahiba Lajna led the opening prayer and officially inaugurated the Sports Day. First, the competitions for Lajna members were held, including the 100-meter race, spoon race, simple race, cup game, and hurdle race. Special games were also arranged for Lajna members above the age of 45, including Laddoo, cup game, and musical chairs. All participants took part in these competitions with great enthusiasm, spirit, and joy.

The Nasirat competitions began after lunch. Events for Nasirat included the 100-meter race, spoon race, frog race, cup game, and several other enjoyable activities. Special races were also organized for young children, who participated with great excitement and happiness.

The badminton competition was especially exciting and energetic. Teams from four Majalis participated in this event, including one team from Majlis Tampere, two teams from Majlis Espoo, one team from Majlis Helsinki, and two teams from Majlis Vantaa. All participating Lajna members took part with excellent preparation and full dedication.

The prize distribution ceremony was held at 5:00 p.m. and began with the recitation of the Holy Qur'an, followed by a Nazm. Sadr Sahiba Lajna then delivered her concluding remarks and comments. Afterwards, prizes were distributed among the winning Lajna members, Nasirat, and children from the various competitions.The program concluded with a collective silent prayer.

We pray that Allah the Almighty continues to grant us the opportunity to participate in such Jama'at programs and serve in His cause, and that He enables all our future programs to be completed with His special blessings.

Ameen, Summa Ameen.







# صحتِ جسمانی عشرۂ

مئی کے مہینے میں صحت جسمانی ویک منایا گیا، جس کے دوران لجنات کو اپنی صحت کا خیال رکھنے اور صحت مند طرزِ زندگی اپنانے کی ترغیب دی گئی۔اس سلسلے میں روزانہ معلوماتی اور حوصلہ افزا پوسٹرز شیئر کیے گئے تاکہ لجنات میں صحت و تندرستی کے بارے میں آگاہی پیدا ہو اور وہ اپنی روزمرہ زندگی میں مثبت صحت بخش عادات اختیار کریں


# Physical Health Week

During the month of May, Physical Health Week was observed. Throughout the week, Lajna members were encouraged to take care of their physical health and adopt healthy lifestyle habits. Daily informative and motivational posters were shared to raise awareness about physical well-being and to inspire members to incorporate positive health practices into their daily routines.


















# صنعت ودستکاری رپورٹ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس ماہ شعبۂ صنعت ودستکاری کے تحت ایک مفید اور دلچسپ تربیتی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا. جس میں 12 سے زائد ناصرات، بشمول واقفاتِ نو، نے خوشی اور دلچسپی کے ساتھ شرکت کی۔ اس پروگرام میں بچیوں کو پینٹنگ کے حوالے سے کلر مکسنگ اور شیڈنگ تکنیکس کے بارے میں عملی طور پر سکھایا گیا۔ مزید رہنمائی کے لیے متعلقہ تعلیمی ویڈیوز بھی دکھائی گئیں تاکہ ناصرات بہتر انداز میں سیکھ سکیں اور اپنی صلاحیتوں کو نکھار سکیں۔ تمام شریک ناصرات نے نہایت خوشی اور جوش کے ساتھ حصہ لیا اور بہت کچھ سیکھنے کا اظہار کیا۔ ماؤں کی جانب سے بھی انتہائی مثبت تاثرات موصول ہوئے اور انہوں نے خوشی کا اظہار کیا کہ ناصرات مزید سیکھنے کا شوق رکھتی ہیں اور آئندہ بھی ایسی سرگرمیوں میں بھرپور دلچسپی لینا چاہتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کوششوں میں برکت عطا فرمائے اور ناصرات کو اپنی صلاحیتوں کو بہتر انداز میں استعمال کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

# Sanat-o-Dastkari Monthly Report

By the grace of Allah, a beneficial and engaging activity was organized this month under the Sanat-o-Dastkari department. More than twelve Nasirat, including Waqfat-e-Nau, participated .enthusiastically in the session

During the activity, the participants were taught painting skills, including color mixing and shading techniques, through practical demonstrations. Relevant educational videos were also shown to .help the Nasirat understand and learn more effectively

All participants took part very happily and expressed that they learned a great deal from the session. Mothers also gave very positive feedback and shared that the Nasirat were eager to learn .more and showed great interest in future activities as well

May Allah bless these efforts and enable the Nasirat to continue developing their talents and skills. .Ameen




MAHNAM





# پردہ کے موضوع پر عشرۂ تربیت


شوریٰ کی ایک تجویز کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ماہِ مئی میں عشرۂ تربیت منعقد کیا گیا، جس کا موضوع ‹‹پردہ›› تھا۔ اس عشرہ کا مقصد لجنات اور ناصرات میں پردہ کی اہمیت، اس کے حقیقی مفہوم اور اس کی روح کو اجاگر کرنا تھا۔

اس سلسلہ میں قرآنِ کریم، خلفائے احمدیت کے ارشادات اور حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ہدایات و نصائح کی روشنی میں نہایت معلوماتی اور دلکش پوسٹرز تیار کیے گئے۔ ان پوسٹرز کے ذریعے پردہ کے مختلف پہلوؤں کو آسان، مؤثر اور بصری انداز میں پیش کیا گیا۔ خصوصاً تصاویر کی مدد سے پردہ کی درست اور غلط مثالوں کی نشاندہی کی گئی، نیز یہ واضح کیا گیا کہ پردہ کس طرح صحیح طور پر اختیار کیا جاسکتا ہے اور کن امور سے اجتناب ضروری ہے۔ اسی طرح میک اَپ کے ساتھ پردہ کے درست اور غیر مناسب طریقوں کو بھی بصری انداز میں سمجھایا گیا۔

عشرہ کے دوران حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی پردہ کے موضوع پر ایک خصوصی ویڈیو بھی لجنہ کے گروپ میں شیئر کی گئی، جس کے ذریعے مستورات اور بچیوں کو حضورِ انور کی قیمتی نصائح سے استفادہ کا موقع ملا۔

الحمدللہ، عشرۂ تربیت نہایت کامیاب رہا اور اس کے ذریعے لجنات و ناصرات میں پردہ کی اہمیت اور اس کی حقیقی روح کو سمجھنے کا شعور مزید اجاگر ہوا۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں پردہ کے اصل مقصد اور اس کی روح کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

شعبہ تربیت فن لینڈ



اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں کئی ایک مقامات پر خواتین کو پردہ کی نصیحت فرمائی ہے۔ ایک آیتِ مبارکہ میں پردہ سے متعلق اِن الفاظ میں آنحضرت ﷺ کو حکم ہوا کہ

يَاأَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَاءِ الْمُؤْمِنِينَ يُدْنِينَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيبِهِنَّ (الاحزاب:۶۰)

اے نبی ﷺ! اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں اور مومنوں کی بیویوں سے کہہ دے کہ (جب وہ باہر نکلیں تو) چادروں کو اپنے اوپر لپیٹ کر نکلیں۔

اے نبی ﷺ! اپنی بیویوں اور اپنی بیٹیوں اور مومنوں کی بیویوں سے کہہ دے کہ (جب وہ باہر نکلیں تو) چادروں کو اپنے اوپر لپیٹ کر نکلیں۔ اگر ہم پردہ کی اہمیت وافادیت سے متعلق اسلامی احکامات کا مطالعہ کریں تو بلاشبہ دیگر تمام مذاہب سے بڑھ کر پردہ کی ضرورت پر زور ملتا ہے، جس کا ہمارے اخلاق پر یقیناً بہت گہرا اثر پڑتا ہے۔ ایک موقع پر آنحضرت ﷺ نے حضرت اُم سلمہؓ اور حضرت میمونہؓ کو ایک نابینا صحابی سے پردہ کرنے کا حکم دیا۔ جب انہوں نے عرض کی کہ یارسول اللہ! وہ تو نابینا ہیں اور ہمیں دیکھ نہیں سکتے تو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ کیا تم دونوں بھی نابینا ہو اور اسے دیکھ نہیں سکتیں۔

(مشکوٰۃ کتاب الادب)


شعبہ تربیت فن لینڈ











حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بھی بے پردگی کی بہت مذمت کی ہے اور فرمایا

”پردہ چھوڑنے والا قرآن کی ہتک کرتا ہے ایسے انسان سے ہمارا کیا تعلق۔ وہ ہمارا دشمن ہے اور ہم اس کے دشمن اور ہماری جماعت کے مردوں اور عورتوں کا فرض ہے کہ وہ ایسے احمدی مردوں اور ایسی احمدی عورتوں سے کوئی تعلق نہ رکھیں“۔

(الفضل ۲۷ جون ۱۹۵۸ء)

شعبہ تربیت فن لینڈ

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک جگہ فرمایا ہے

”کہ یہ حکم سات سو ہیں۔ پس ایک احمدی کو احمدیت قبول کرنے کے بعد ڈرتے ڈرتے اپنی زندگی گزارنی چاہئے کہ کہیں کسی حکم کی نافرمانی نہ ہو جائے۔ اب مثلاً ایک حکم ہے حیا کا، عورت کو خاص طور پر پردے کا حکم ہے۔ مَردوں کو بھی حکم ہے کہ غَضِّ بصر سے کام لیں، حیا دکھائیں۔ عورت کے لئے اس لئے بھی پردے کا حکم ہے کہ معاشرے کی نظروں سے بھی محفوظ رہے اور اس کی حیا بھی قائم رہے۔

شعبہ تربیت فن لینڈ


# Ashra e Tarbiyat on the Theme of Purdah

In light of a recommendation made by the Shura, a Tarbiyat ashra was organized during the month of May on the theme of Purdah. The objective of this initiative was to highlight the importance of purdah among Lajna and Nasirat members and to promote a deeper understanding of its true spirit and purpose.

In this regard, informative and engaging posters were prepared based on the teachings of the Holy Qur'an, the guidance of the Khulafa e Ahmadiyyat, and the instructions and advice of Hazrat Khalifatul Masih V (aba). Through these posters, various aspects of purdah were presented in a simple, effective, and visually appealing manner. In particular, illustrations were used to demonstrate correct and incorrect examples of purdah, how it can be properly observed, and which practices should be avoided. Similarly, visual examples were provided to explain appropriate and inappropriate approaches to makeup in relation to observing purdah.

During the fortnight, a special video featuring the guidance of Hazrat Khalifatul Masih V (aba) on the subject of purdah was also shared in the Lajna group. This provided women and girls with an opportunity to benefit from his valuable advice and guidance.


Alhamdulillah, the Tarbiyat ashra was highly successful and helped increase awareness among Lajna and Nasirat members regarding the importance of purdah and its true spirit. May Allah enable us to understand the real purpose and essence of purdah and grant us the ability to act upon it. Ameen.










The Promised Messiah (peace and blessings be upon him) once stated

" that these commandments are seven hundred in number. Therefore, after accepting Ahmadiyyat, an Ahmadi should live his life with fear and caution lest he disobeys any commandment. For example, one commandment is that of modesty and chastity. Women have especially been commanded to observe purdah (veil/modesty). Men have also been commanded to lower their gaze and show modesty. The command of purdah for women is also so that they may remain protected from the eyes of society and that their modesty may be preserved."

Department of Tarbiyat, Finland.

# Event Calender Lajna Imailla & Nasirat-ul-Ahmadiya

## June 2026

| | |
|---|---|
| 5,6 June | Jalsa Salana Finland |
| 09 June | National Aamla Meeting |
| 14 June | Meena Bazar |
| 28 June | Nasirat Ijlas+Waqf-e-Nau + Sanato Dastakari Class |

| | | |
|---|---|---|
| Mon & Thur | 05:30 PM | Tajweed Quran Class |
| Tuesday | 12:00 PM | Tarjumatul Quran Class |